C. S. (Main) Exam : 2011

D-DTN-L-VSB

URDU

Paper II

(Literature)

Time Allowed : Three Hours | *Maximum Marks : 300*

INSTRUCTIONS

Candidates should attempt questions no. 1 and 5 which are compulsory, and any THREE of the remaining questions, selecting at least ONE question from each Section.

All questions carry equal marks.

Answers must be written in Urdu.

SECTION A

1. ذیل کے اقتباسات کی سیاق و سباق کے ساتھ تشریح کیجئے۔ اور ساتھ ہی عبارت کے ادبی اور فنی پہلوؤں کا جائزہ لیجئے۔ 20+20+20=60

(A)

اگرچہ ظاہر میں، صورت میری، بالکل تبدیل ہو گئی تھی۔ چہرے کی یہ شکل بنی تھی کہ جن نے مجھے پہلے دیکھا، وہ بھی نہ پہچان سکتا کہ یہ وہی آدمی ہے۔ لیکن مخلی، آواز درد کی

Optional Province · optionalprovince.com

سن کر متوجہ ہوا۔ میرے تئیں بہ غور دیکھ کر، افسوس کیا اور شفقت سے مخاطب ہوا کہ، آخر یہ حالت اپنی پہنچائی۔ میں نے کہا اب تو جو ہوا سو ہوا، مال سے بھی حاضر تھا، جان بھی تصدق کی۔ اُس کی خوشی یوں ہی ہوئی تو کیا کروں"

(B)

پچھلی ستیہ گرہ کی لڑائی میں رائے صاحب نے بڑا نام کمایا، کونسل کی ممبری چھوڑ کر جیل گئے تھے جبھی سے ان کی علاقے میں آسامیوں کو بڑی عقیدت ہو گئی تھی۔ یہ نہیں کہ ان کے علاقے میں آسامیوں کے ساتھ کوئی خاص رعایت کی جاتی یا تاوان بیگار کی سختی کم ہوتی مگر یہ ساری بدنامی مختاروں کے سر تھی .... رائے صاحب قوم پرست ہونے پر بھی حاکموں سے میل جول رکھتے تھے۔

(C)

ہائے، کیا اچھا شیوہ ہے۔ جب تک یوں نہ لکھو وہ خط ہی نہیں ہے۔ چاہِ بے آب ہے، ابرِ بے باراں ہے، نخلِ بے میوہ ہے، خانۂ بے چراغ ہے، چراغ بے نور ہے۔ ہم جانتے ہیں تم زندہ ہو، تم جانتے ہو ہم زندہ ہیں۔ امر ضروری لکھ لیا،

Optional Province · optionalprovince.com

زوائد کو اور وقت پر موقوف رکھا اور اگر تمہاری خوشنودی اسی طرح کی نگارش پر منحصر ہے تو بھائی سائڑھے تین سطر میں دلسی بھی میں نے لکھ دیں۔ کیا قضا نہیں پڑھتے اور وہ مقبول نہیں ہوتی۔

2. (الف) خطوطِ غالب کی مقبولیت کا کیا راز ہے۔ مدلل تحریر کیجئے۔ 30

(ب) 'تیرنگِ خیال' کے ذریعہ محمد حسین آزاد نے اردو نثر میں ایک نئے باب کا اضافہ کیا ہے۔ آپ کی کیا رائے ہے۔ 30

3. (الف) "غبارِ خاطر" کی روشنی میں مولانا ابوالکلام آزاد کی خطوط نگاری کا جائزہ لیجئے۔ 30

(ب) پریم چند اردو اور ہندی کے مشترکہ ادیب کیوں کہے جاتے ہیں؟ مدلل سمجھائیے۔ 30

4. (الف) داستان کی تعریف کرتے ہوئے باغ و بہار پر ایک نوٹ لکھیئے۔ 30

(ب) "اپنے دکھ مجھے دیدو" کی کردار نگاری پر ایک نوٹ لکھیئے۔ 30

Optional Province · optionalprovince.com

SECTION B

5. حسبِ ذیل اقتباسات کی تشریح سیاق و سباق کے ساتھ کرتے ہوئے ان اشعار کی فنی خصوصیات کی وضاحت کیجیے۔ 20+20+20=60

(A)

پتا پتا، بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے

مہر و وفا و لطف و عنایت ایک سے واقف ان میں نہیں
اور تو سب کچھ طنز و کنایہ، رمز و اشارا جانے ہے

عاشق تو مردہ ہے، ہمیشہ، اٹھتا ہے دیکھے سے اس کے
یار کے آجانے کو یکایک عمر دوبارہ جانے ہے

(B)

بسکہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

گریہ چاہے ہے خرابی مرے کاشانے کی
در و دیوار سے ٹپکے ہے بیاباں ہونا

Optional Province · optionalprovince.com

وائے دیوانگیِ شوق کہ ہر دم مجھ کو
آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا

(c)

بجھا جو روزنِ زنداں تو دل یہ سمجھا ہے
کہ تیری مانگ ستاروں سے بھر گئی ہو گی

چمک اٹھے ہیں سلاسل تو ہم نے جانا ہے
کہ اب سحر ترے رُخ پر بکھر گئی ہو گی

جو تجھ سے عہدِ وفا استوار رکھتے ہیں
علاجِ گردشِ لیل و نہار رکھتے ہیں

6. (الف) اقبال کی نظم "مسجد قرطبہ" کے مرکزی خیال سے بحث کیجئے۔ 30

(ب) اختر الایمان کی نظم گوئی پر تبصرہ کیجئے۔ 30

7. (الف) مثنوی "سحر البیان" میں میر حسن نے لکھنوی تہذیب کی عکاسی کی ہے۔" اس قول کی وضاحت کیجئے۔ 30

(ب) غالب کی شاعری پر ایک نوٹ لکھئے۔ 30

Optional Province · optionalprovince.com

8. (الف) اُردو کی غزلیہ شاعری میں فراقؔ کی انفرادیت واضح کیجئے۔ 30

(ب) فیضؔ کے اسلوب پر روشنی ڈالئے۔ 30

Optional Province · optionalprovince.com